© rasailojaraid.com

کتاب کو ترتیب دینا چاہیے۔ معیارِ طباعت و کتابت عمدہ ہے۔

---

**نقوش، کراچی جنگ نمبر** | زیرِ ادارت جناب شاہد احمد دہلوی۔ جناب شمس زبیری صاحب شائع کردہ: کاشانۂ اردو، پوسٹ بکس ۷۳۰۲۔ کراچی نمبر ۳۔ قیمت چھ روپے۔ صفحات ۶۱۴

گزشتہ سال جب بھارت نے پاکستان پر حملہ کیا تو اہلِ پاکستان کو فکر و نگاہ کے نئے زاویے اور عمل کے نئے میدان ہاتھ آئے اور پوری قوم جذبۂ جہاد سے سرشار ہو کر ہند و جارحیت کے خلاف سربکف ہو گئی۔ اس مختصر سی مدت میں پاکستان کے ادبا، شعراء اور اہلِ قلم نے بعض نہایت قیمتی تخلیقات پیش کیں جن میں ایک طرف اندھے بہرے استبداد کے خلاف جذبۂ نفرت و حقارت تھا اور دوسری طرف اہلِ پاکستان کو خدا پر بھروسہ کر کے ہمت و استقلال کے ساتھ دشمنوں پر غالب آنے کی تلقین تھی۔ زیرِ تبصرہ مجلہ میں ان تخلیقات کا ایک نہایت اچھا انتخاب پیش کیا گیا ہے۔

---

**ماہنامہ قومی زبان** | زیرِ ادارت جناب مشفق خواجہ صاحب۔ شائع کردہ: انجمن ترقی اردو، پاکستان، بابائے اردو روڈ، کراچی۔ صفحات ۲۲۵۔

مولوی عبدالحق صاحب نے نصف صدی تک جس دلجمعی، دل سوزی، یکسوئی کے ساتھ اردو کی خدمت کی ہے اس کی مثال زبان و ادب کے میدان میں کیا، قومی زندگی کے دوسرے شعبوں میں بھی بہت کم ملے گی۔ زیرِ تبصرہ مجلّہ میں مولوی صاحب کے عقیدت مندوں نے ان کی خدمت میں نذرانۂ عقیدت پیش کیا ہے۔ اس بزم میں اردو زبان کے نامور ادباء اور شعراء شریک ہیں۔ معیارِ طباعت و کتابت نہایت عمدہ ہے۔

---

**مخلوط تعلیم** | تالیف: جناب احمد انس صاحب۔ شائع کردہ ادارۂ مطبوعات جمعیت،

(باقی ص ۲ پر)

© rasailojaraid.com